موبی لنک کی سہولیات کی بحالی سے متعلق تازہ ترین تفصیلات

کراچی: 7 مارچ 2011 - موبی لنک، پاکستان میں سیلولر خدمات کا سرفہرست ادارہ ہے۔اس مواصلاتی ادارے نے تصدیق کی ہے کہ اس نے اپنی تمام سہولیات کی فراہمی جزوی طور پر بحال کردی ہے۔ان سہولیات میں صوتی روابط(Voice Connectivity، SMS پیغامات اور معلوماتی مواد کی منتقلی شامل ہیں۔گذشتہ روز ایک حادثے کے نتیجے میں پاکستان کے شمالی حصے میں موبی لنک کی سہولیات کی فراہمی متاثر ہوئی تھی۔اگلے چند گھنٹوں میں ان سہولیات کی فراہمی مکمل طور پر بحال ہوجانے کی توقع ہے۔

موبی لنک کے ڈائریکٹر تعلقات عامہ(Public Relations)، عمر منظور نے کہا کہ؛ آج طلوع صبح کے ساتھ ہی رابطے کی تمام سہولیات کو جزوی طور پر بحال کردیا گیا تھا، جبکہ ہمارا تکنیکی عملہ شب وروز کی مسلسل کاوشوں کے ذریعے اس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ تمام تکنیکی آلات کی کارکردگی کو مکمل طور پر بحال کرنے کا کام جلد از جلد مکمل کرلیا جائے۔

6مارچ بروز اتوار کی شام کو اسلام آباد میں واقع موبی لنک کے تکنیکی مراکز میں سے ایک عمارت میں آگ لگ گئی، جس کے باعث اسلام آباد، راولپنڈی اور ان جڑواں شہروں کے چند نواحی علاقوں میں موبی لنک کی سیلولر سہولیات میں کچھ دیر کے لئے تعطل پیدا ہو گیا تھا۔ اس حادثہ کے نتیجے میں کسی بھی جانی نقصان یا مواصلاتی آلات کے زیاں کی اطلاع نہیں ملی۔

Mobilink:

اورسکام ٹیلی کام گروپ کا ذیلی ادارہ موبی لنک پاکستان کی سب سے بڑی موبائل فون کمپنی ہے جو بلیک بیری سروس کی فراہمی میں بھی سرفہرست ہے۔3 کروڑ10لاکھ صارفین کے ساتھ موبی لنک نے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان میں اپنی کاروباری سبقت کو برقرار رکھا ہوا ہے۔پاکستان کے پسندیدہ برانڈ کے طور پر یہ ادارہ ملک میں بہترین ویلیو ایڈڈ سروسز فراہم کررہا ہے۔براڈ بینڈ سہولیات کی فراہمی کیلئے اعلیٰ ترین انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کا نفاذ بھی موبی لنک کا امتیاز ہے۔موبی لنک کا Voice اور Data نیٹ ورک 8ہزار سیل سائٹس پر مشتمل ہے۔اس طرح پاکستان میں وسیع ترین ڈسٹری بیوشن اور رابطہ مراکز کا نیٹ ورک قائم کیا گیا ہے، جو کہ 6500 کلومیٹر طویل فائبر آپٹک سہولیات پر مبنی ہے۔موبی لنک اب تک پاکستان میں 3.3ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرچکا ہے اور ملک بھر میں ایک تسلسل کے ساتھ رابطے کی سہولیات اور بے مثال خدمات پیش کررہا ہے، ان میں 140 سے زائد ممالک میں بین الاقوامی رومنگ کی سہولت بھی شامل ہے۔یہ ادارہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا باضابطہ سیلولر پارٹنر بھی ہے۔

ایک ذمہ دار کاروباری ادارے کے طور پر موبی لنک کی جانب سے سماجی شمولیت اور بہبود کی متعدد مصنوعات اور خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔اس طرح ملک کے کونے کونے میں صارفین کو معلومات تک رسائی کی سہولیات پہنچ رہی ہیں۔موبی لنک فاؤنڈیشن کے ذریعے تعلیم، صحت اور ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کو فروغ دیا جارہا ہے اور اعلیٰ کاروباری اصولوں کی پابندی کی جارہی ہے۔

مزید معلومات کیلئے: شیراز محی الدین / اشعر نعمان --- شیم راک کمیونیکیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

فون: 021-5823694-5 / 0333-2235774